ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (234)

مورخہ 20/04/2023

**بہاولپور (        ) ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری۔تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس کی مختلف کارروائیوں میں بھاری ریکوری، چوری شدہ 63 شاخ بکرے ،بکریاں اور اسلحہ ناجائز برآمد۔گینگ کے 4 ملزمان گرفتار،ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور عوام کا لوٹا ہوا مال ہر صورت واپس کروایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب، آر پی او بہاولپور رائے بابر سعید کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم کے تحت ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے گزشتہ دنوں شب و روز کی محنت، جدید ٹیکنالوجی و پریکٹیکل پولیسنگ کرتے ہوئے تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے چوری کی وارداتیں کرنے والے گینگ کے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔جن سے چوری شدہ 63 شاخ بکرے اور بکریاں، نقدی کیش اور 4 پسٹل 30 بور برآمد کر لیے ۔گینگ میں گرفتار ملزمان اعجاز خان، محمد عمران، رحمان اور محمد عرفان شامل ہیں ۔گینگ تھانہ ہیڈ راجکاں کے مختلف علاقوں میں وارداتوں میں ملوث تھا۔ایس ایچ او تھانہ ہیڈ راجکاں سردار محمد نے برآمد شدہ بکرے ، بکریاں اور نقدی کیش اصل مالکان کے حوالے کیا۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ بہاولپور پولیس بھرپور کوشش کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ عوام کا لوٹا ہوا مال ہر صورت مالکان تک پہنچایا جائے تاکہ شہر میں امن کی فضا برقرار رہے اور عوام کا پولیس پر اعتماد قائم رہے۔مستقبل میں ایسی مزید کارروائیاں کی جا کر جرائم پیشہ افراد کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا ۔ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر ہیڈ راجکاں پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور: تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کاروائی، مال مسروقہ برآمد**

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(235)

مورخہ 20/04/2023

**بہاولپور(          )پولیس کا عیدالفطر کے موقع پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون۔مختلف مقدمات میں 18 ملزمان گرفتار۔330 لیٹر دیسی و ولائیتی 190 لیٹر شراب برآمد،01 کلو گرام سے زائد چرس اور اسلحہ ناجائز بھی برآمد،عیدالفطر کے موقع پر شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے منفی عناصر کا بھرپور تعاقب کیا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے عیدالفطر کے موقع پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات اور شراب برآمد کر لی۔تھانہ سول لائنز، بغدادالجدید، سٹی احمد پور شرقیہ،صدر احمد پور شرقیہ، اوچشریف،عنائیتی، خیرپور ٹامیوالی اور سٹی حاصلپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 09 ملزمان عبدالرحمان،محمد ارشاد،محمد رمضان،توقیر رمزی،ظفر بلوچ،محمد وارث، شاہد وقاص،محمد سلیم اور محمد شہزاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 330 لیٹر دیسی شراب جبکہ تھانہ سول لائنز پولیس نے 02 ملزمان محمد وارث وغیرہ کو گرفتار کر کے 190 لیٹر ولائیتی شراب برآمد کر لی۔تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے منشیات فروشی کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 01 ملزم محمد یامین کو گرفتار کرتے ہوئے قبضہ سے 1 کلو 580 گرام چرس برآمد کر لی۔تھانہ سمہ سٹہ اور سٹی یزمان پولیس نے 02 ملزمان محمد عمیر اور عمران عرف عامر کو گرفتار کر کے قبضہ سے 02 پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔اس کے علاوہ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے قمار بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر جوا کھیلتے ہوئے 4 ملزمان اعجاز احمد وغیرہ کو گرفتار کر کے قبضہ سے داپر لگی رقم برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔عیدالفطر کے موقع پر شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے منفی عناصر کا بھرپور تعاقب کیا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور:پولیس کا عیدالفطر کے موقع پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون۔مختلف مقدمات میں 18 ملزمان گرفتار**